ادبیات

خیال و خامہ
جاوید احمد غامدی

○

یہ مرا سرود کیا ہے؟ تری یاد کا بہانہ
کبھی علم کی حکایت ، کبھی عشق کا فسانہ

وہ خیال میں بھی آئے تو ہجوم عاشقاں تھا
نہ ہوئی وہاں بھی اُن سے رہ و رسم محرمانہ

تری ہر ادا سلامت ، یہ ذرا سی بات کہہ دوں
کبھی چاہیے جنوں کو بھی خرد کا تازیانہ

ترے عہد نو کی دانش نئے بت تراش لائی
مرا لا الٰہ الاّ وہی یکتا و یگانہ

یہ جہاں بھی کیا جہاں ہے، اسے جس نظر سے دیکھیں
وہی مہر و ماہ و انجم ، وہی گردش زمانہ

تو وطن کا پاسباں ہے ، مجھے کیا گلہ ہو تجھ سے
ترے ہر نفس سے لرزاں مری شاخ آشیانہ

www.javedahmadghamidi.com
www.al-mawrid.org

مرے ہر سفر کی غایت وہی سرزمین یثرب
وہ ادب گہ محبت ، وہ دلوں کا آستانہ

---

www.javedahmadghamidi.com
www.al-mawrid.org

"Note from Publisher: Al-Mawrid is the exclusive publisher of Ishraq. If anyone wishes to republish Ishraq in any format (including on any website), please contact the management of Al-Mawrid on info@al-mawrid.org. Currently, this journal or its contents can be uploaded exclusively on Al-Mawrid.org, JavedAhmadGhamidi.com and Ghamidi.net"